24/05/2025

12.30 PM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ فاروق احمد سے خبریں سُنئے

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی آج نئی دلی میں نیتی آیوگ کی دسویں گورننگ کونسل کی میٹنگ کی صدارت کر رہے ہیں ۔ اس سال کا موضوع ہے وکست راجیہ فار وکست بھارت @2047 ۔ اس میٹنگ میں وکست بھارت 2047 کے ضمن میں وکست راجیہ کے نقطہ نظر پر تبادلہ خیال کیا جا رہا ہے۔ اس میٹنگ میں تمام وزرائے اعلیٰ ، لیفٹنٹ گورنر س کے ساتھ ساتھ مرکزی وزراءبھی شرکت کررہے ہیں ۔

پابندی

بھارت نے پاکستانی طیارونکو ملک کی فضائی حدود میں داخل ہونے پر عائد بندش کی مدّت میں 23 جون تک توسیع کر دی ہے۔ نئی دلّی میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے شہری ہوابازی کے وزیر رام موہن نائڈو کنجا راپو نے کہا کہ حا ل کی صورتحال کو برقرار رکھنے کے لئے بھارت نے Notam میں توسیع کی۔

ایل جی ملاقات

Save Youth Save Future فاونڈیشن کے چیر مین وجاہت فاروق بٹ نے کل لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقات کی ۔ انہوں نے ایل جی کو پاکستان کی طرف سے ہوئے گولہ باری سے متاثرہ کنبوں کے لئے ریلیف اور باز آباد کاری کے بارے میں جانکاری دی ۔

وفد

غیر ملکی دوروں پر گئے کثیر جماعتی پارلیمانی وفود کا عالمی لیڈروں کے ساتھ ملاقاتوں کا
لیڈر اور پارلیمنٹ ممبر کے کرونا ندھی کی قیادت میں روس کے دورے DMK سلسلہ جاری ہے ۔
پر گئے وفد نے روسی حکام کے ساتھ سلسلہ وار ملاقاتوں میں انہیں دہشت گردی کے خلاف
بھارت کے موقف سے آگاہ کیا ۔

سنجے جھا کی قیادت والے وفد نے ٹوکیو جاپان میں کئی ممالک کے MP اِدھر جنتا دل یونائٹڈ کے
سفیروں اور جاپان کے کچھ وزیروں کے ساتھ ملاقات کی اور انہیں آپریشن سندور کے علاوہ
دہشت گردی کے خلاف بھارت کی لڑائی کے بارے میں بتایا ۔

شو سینا لیڈر اور پارلیمنٹ ممبر شری کانت شنڈے کی قیادت والا وفد متحدہ عرب اَمارات کے
دورے پر ہے ۔

دریں اثناءخارجہ سیکریٹری وِکرم مسری نے کل باقی چار وفود کے سربراہوں کے ساتھ ملاقات
کی ۔ یہ وفود دیگر کئی ممالک کے دورے پر روانہ ہو رہے ہیں ۔

ECI

رائے دہندگان کے لئے دستیاب سہولیات میں اضافہ کرتے ہوئے بھارتی انتخابی کمیشن نے پولنگ
مراکز کے باہر موبائل فون جمع کرانے کی سہولت دستیاب رکھنے کا اعلان کیا ہے۔ چناو کمیشن
یا جوٹ بیگس دستیاب رکھے جائیں گے Pigeon Holes نے کہا ہے کہ پولنگ مراکز کے باہر
۔تاہم کمیشن نے مزید کہا کہ کچھ علاقوں میں ریٹرننگ افسرس اس بارے میں فیصلہ لے سکتے
ہیں۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے کہا ہے کہ جموں کشمیر میں آبی ٹرانسپورٹ کی سہولیات کی دستیابی
عنقریب ایک حقیقت بن جائے گی ۔ اس بات کا اظہار انہوں نے سرینگر میں ایک اعلیٰ سطح کی
میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے کیا ۔ انہوں نے کہا کہ جموں کشمیر کے
دریاو

ں میں نہ صرف ماحولیات کو پائیدار بنانے کی وسیع گنجائش ہے بلکہ یہ دریا سڑک اور رابطوں ئ
کا مضبوط متبادل فراہم کر سکتے ہیں ۔ ایک علیحدہ میٹنگ میں چیف سیکرٹری نے ڈیجیٹل انڈیا
لینڈ ریکارڈ ماڈرنائیزیشن پروگرام کی پیش رفت کا بھی جائیزہ لیا۔انہوں نے محکمہ ریونیو کے
افسران سے کہا کہ وہ ڈیجیٹلائیزیشن کا کام مقررہ وقت کے اندر مکمل کرنے کی کوشش کریں ۔

صوبائی کمشنر

شری امر ناتھ جی یاترا کے احسن انعقاد کے پیش نظر صوبائی کمشنر کشمیر وجے کمار بدھوری نے کل اعلیٰ افسران کی میٹنگ کی صدارت کی ۔ انہوں نے افسران پر زور دیا کہ در دست لئے گئے تمام ضروری ترقیاتی کاموں کو مقررہ وقت میں مکمل کیا جائے ۔

DGP

ڈائریکٹر جنرل پولیس نلن پربھات نے کشتواڑ ضلع کے سنگ پور چھاترو علاقے کا دورہ کر کے وہاں حالات کا جائزہ لیا ۔ اس علاقے میں ایک بڑی ملی ٹنٹ مخالف کاروائی جاری ہے ۔ جموں نے حفاظتی دستوں کو ملی DGP اور دیگر سینئر پولیس افسران ان کے ہمراہ تھے ۔ IGP کے ٹنٹوں کے ساتھ سختی سے نمٹنے کی ہدایت دی ۔

مَن کی بات

وزیر اعظم نریندر مودی کل آکاشوانی پر 'مَن کی بات' پروگرام میں ملک اور بیرونِ ملک کے لوگوں سے اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔ یہ ماہانہ ریڈیو پروگرام کا 122 واں نشریہ ہوگا۔
اوپن فورم کے ذریعے اپنی My Gov عوام ٹول فری نمبر1800-11-7800 یا نریندر مودی ایپ یا تجاویز بھیج سکتے ہیں۔

نشہ مکت جموں کشمیر

نشہ مکت جموں کشمیر پہل کے تحت ضلع انتظامیہ سرینگر نے کل گورنمنٹ گرلز ہائر سیکنڈری سکول سونہ وار علاقے میں طلباءکی جانکاری کے لئے منشیات کے خلاف ایک بیداری مہم کا انعقاد کیا ۔

HADP

ہالسٹک ایگریکلچر ڈیولپمنٹ پروگرام کے مشن ڈائریکٹر سندیپ کمار نے کل ضلع بارہمولہ کا ، انٹگریٹڈ مشروم یونٹ ، سبزی باغات اور Oil Extraction Mill دورہ کیا ۔ انہوں نے ضلع میں وہاں قائم کی گئی کئی دیگر سہولیات کا معائنہ کیا ۔

آگ

پکھر پورہ بڈگام میں گزشتہ شب آگ کی ایک واردات میں دو مکانات مکمل طور پر خاکستر ہو گئے ۔ فائر اینڈ ایمرجنسی سروسز کی کاروائی سے آگ پر جلد قابو پایا گیا ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ